معاویہ صاحب! اب میرا یہ دعویٰ ہے (کہ) عطیہ پہلی قسم کا شیعہ ہے۔ جس پر کوئی جرح نہیں ہے۔ معاویہ صاحب! آپ عطیہ کو دوسرے طبقے کے لوگوں میں ثابت کرو۔

معزز ناظرین! اب پھر معاویہ صاحب کی جہالت کا پردہ فاش ہونے والا ہے۔ معاویہ صاحب اس نقطہ کے علاوہ بات نہیں ہو گی۔ ختم شد۔

سنی مناظر:

1. پہلی بات تو یہ کہ معجم رجال الحدیث شیعہ کتاب سے میں نے عطیہ کو اصحاب باقرؒ سے ثابت کیا۔ اس کا جواب کسی شیعہ سے نہیں ملے گا آپ کو۔
2. باقی میں پہلے ہی تفصیل سے بتا چکا ہوں کہ شیعہ اپنے نظریات چھپاتے ہیں۔ کیا پتا اس نے صرف تفضیلیت ہی ظاہر کی ہو اور دوسرے نظریات چھپائے ہوں۔
3. تیسرا یہ ہبہ والی روایت ہی اس کے کٹر شیعہ نظریات پر ہونے کی دلیل ہے۔



شیعہ کی روایت اس کی تائید میں قبول نہیں، یہاں مطلقاً روایت کے قبول ہونے کا انکار ہے یا صرف اس کی تائید میں قبول نہ ہونے کی بات (ہے)؟

چلیں میں ایک دوسرے انداز سے فدک کے ہبہ کا رد دکھاتا ہوں۔

اس (مراۃ العقول) شیعہ کتاب میں یہ ہے کہ؛

> فدک مال فیٔ میں سے ہے اور وہ نبی کریم ﷺ کے رشتہ داروں کے ساتھ یتیم، مسکین اور مسافروں کا حق ہے اور نبی کریم ﷺ کے بعد یہ نبی کریم ﷺ کے قائم مقام کا ہے۔(عکس ملاحظہ کریں)

بيان أموال بني النضير خاصّة لقوله : « وما أفاء الله على رسوله» والآية الثانية بيان للاموال التي أصيبت بغير قتال ، وقيل : انّهما واحد ، والآية الثانية بيان قسم المال التي ذكرها الله في الآية الاولى .

ثمّ قال : ثمّ بيّن سبحانه حال أموال بني النضير فقال : «وما أفاء الله على رسوله منهم » اي من اليهود الذين أجلاهم وإن كان الحكم سارياً في جميع الكفّار الّذين حكمهم حكمهم « فما أوجفتم عليه من خيل ولا ركاب» الا يجاف الايضاع وهو تسيير الخيل أو الركاب من وجف يجف وجيفاً وهو تحرّك باضطراب فالايجاف الازعاج للسير والركاب الابل واحدتها راحلة ، وقيل : الايجاف في الخيل والايضاع في الابل ، والمعنى لم تسيروا إليها على خيل ولا إبل ، وانما كانت ناحية من نواحي المدينة مشيتم اليها مشياً .

وقوله : « عليه » أي على ما أفاء الله « ولكن الله يسلّط رسله على من يشاء » اي يمكّنهم من عدوّهم من غير قتال بأن يقذف الرعب في قلوبهم .

ثم ذكر حكم الفيء فقال : « ما أفاء الله على رسوله من أهل القرى » اي من اموال كفار اهل القرى فلله يأمركم فيه بما أحبّ وللرسول بتمليك الله اياّه ، ولذي القربى يعني اهل بيت رسول الله وقرابته وهم بنو هاشم ، واليتامى والمساكين وابن السبيل منهم ، لأنّ التقدير ولذوي قرباه ويتامى اهل بيته ومساكينهم وابن السبيل منهم .

ثم قال : وفي هذه الآية إشارة إلى انّ تدبير الأمّة الى النبي ﷺ والى الائمة القائمين مقامه ، ولهذا قسّم رسول الله أموال خيبر ومن عليهم في رقابهم واجلى بني النضير وبني قينقاع واعطاهم شيئاً من المال ، وقتل رجال بني قريظة وسبي ذراريهم ونسائهم وقسّم اموالهم على المهاجرين ومن على أهل مكة ، انتهى .

وقال المحقّق الاردبيلي قدّس سره في تفسير آيات الاحكام : المشهور بين الفقهاء انّ الفيء له ﷺ ثمّ للقائم مقامه كما هو ظاهر الأولى ، والثانية تدلّ على أنّه

مرآة العقول

في شرح أخبار آل الرسول

تأليف

العلامة شيخ الاسلام المولى محمد باقر المجلسي

تغمده الله

شرح كتاب الكافي لثقة الاسلام الكليني المتوفى سنة ٣٢٨

الجزء السادس

اس سے ہبہ کا دعویٰ جھوٹا ثابت ہوا، کیونکہ فدک یتیم، مسکین ان سب کا حق ہے اور ہبہ والی روایت میں صرف سیدہ فاطمہؓ کو دیے جانے کا ذکر ہے جو کہ قرآن اور شیعہ اصول کے بھی خلاف ہے۔

تو میں نے ہبہ کا رد پانچ طرح سے کیا۔

1. اس کے شیعہ راویوں پر اصول کے مطابق سنی اور شیعہ اصول سے ثابت کیا ان کہ روایت ان کے مذہب کی تائید میں قبول نہیں۔
2. یہ آیت ذاالقربیٰ مکی ہے اور فدک مدینہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا۔
3. اس کے خلاف صحیح روایات ہیں جن میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ فاطمہؓ کو فدک دینے سے انکار کیا۔ ساتھ میں علماء اہل السنت کے فدک کے ہبہ ہونے کے خلاف کافی اقوالات جو میں پیش کر چکا ہوں۔
4. شیعہ کتاب سے فدک کے حقداروں کا ذکر کہ فدک یتیم، مسکین اور مسافروں کا حق بھی ہے۔
5. فدک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اس کے قائم مقام کا ہے۔

فدک کے روایت کے جھوٹا ہونے پر لسان المیزان کا حوالہ بھی دیا کہ یہ حدیث گھڑی گئی ہے۔ شاہ عبد العزیز محدثؒ کا دوسرا حوالہ فدک والی بات جھوٹی ہونے کا۔ (عکس ملاحظہ کریں)

میں تقسیم نہیں ہوا۔ اور ان کی کم فہمی ہے کہ اعتراض و شبہ میں ایسی بات کہہ رہے ہیں جس سے اہل سنت کی دلیل اور مضبوط ہوتی ہے۔
اب ان کا ڈھیٹ پن دیکھئے کہ پہلے تو طعن کرتے رہے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے میراث کا حق بنتے ہوئے بھی میراث نہیں دی اور جب ان کے ائمہ معصومین کے طرز عمل اور ان کی روایات سے یہ بات ثابت کر دی گئی کہ متروکہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم میں میراث جاری نہیں ہوتی تو اب پینترا بدل کر ایک اور دعویٰ تراشا اور ایک طعن کر ڈالا۔ ملاحظہ ہو۔
اعتراض (۳۴): باغ فدک جناب ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے جناب سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کو نہیں دیا حالانکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو ہبہ کر دیا تھا۔ ان کے دعویٰ کو ناقابل سماعت قرار دے کر انہیں گواہ پیش کرنے کے لیے کہا۔ اور جب جناب سیدہ رضی اللہ عنہا نے گواہی میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور ام ایمن رضی اللہ عنہا کو پیش کیا تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس گواہی کو رد کر دیا اور فرمایا ایک مرد کے ساتھ دو عورتیں ہونی چاہئیں۔ اس پر جناب سیدہ رضی اللہ عنہا ناراض ہو گئیں اور آخر سے بول چال بند کر دی حالانکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جناب سیدہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں فرمایا تھا مَنْ اَغْضَبَھَا اَغْضَبَنِیْ (جس نے ان کو غصہ دلایا۔ اس نے مجھے ناراض کیا)
جواب :- اس اعتراض کا یہ ہے کہ حضرت زہرا رضی اللہ عنہا کا دعوائے ہبہ اور گواہی میں جناب علی و ام ایمن، یا بروایت دیگر جناب حسنین رضی اللہ عنہم کو پیش کرنے کی روایات افترا اور جھوٹ ہے۔ کیونکہ اہل سنت کی کتابوں میں اس معاملہ کی کسی

عنوان کوئی روایت موجود نہیں۔ لہٰذا اس کا سہارا لے کر اہل سنت پر الزام لگانا اور ان سے جواب طلب کرنا نادانی اور دھاندلی ہے۔ اہل سنت کی کتابوں میں جو روایت ملتی ہے وہ اس کے برعکس، اور مخالف ہے، چنانچہ مشکوٰۃ میں بحوالہ ابوداؤد جناب مغیرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب جناب عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ خلیفہ ہوئے تو تمام بنو مروان کو منع کیا اور فرمایا۔

إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ لَهُ فَدَكُ فَكَانَ يَنْفِقُ مِنْهَا وَيَعُوْدُ مِنْهَا عَلَى صِغَارِ بَنِيْ هَاشِمٍ وَيُزَوِّجُ مِنْهَا أَيِّمَهُمْ وَإِنَّ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا سَأَلَتْهُ أَنْ يَجْعَلَهَا لَهَا فَأَبَى فَكَانَتْ كَذٰلِكَ فِيْ حَيَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى مَضٰى لِسَبِيْلِهِ فَلَمَّا أَنْ وَلِيَ أَبُوْ بَكْرٍ عَمِلَ فِيْهَا بِمَا عَمِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَيَاتِهِ حَتّٰى مَضٰى لِسَبِيْلِهِ فَلَمَّا أَنْ وَلِيَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَمِلَ فِيْهَا بِمَا عَمِلَ حَتّٰى مَضٰى لِسَبِيْلِهِ ثُمَّ أَقْطَعَهَا مَرْوَانُ ثُمَّ صَارَتْ لِعُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ فَرَأَيْتُ أَمْرًا مَنَعَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ لَيْسَ لِيْ بِحَقٍّ وَلَا لِمَنْ رَأَيْتُهُ

بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس فدک تھا۔ آپ اسکی آمدنی خرچ فرماتے ہاشمی بچوں کی خورد و پرداخت اور بیواؤں کے عوض میں صرف فرماتے۔ آپ کی بیٹی جناب فاطمہ رضی اللہ عنہا نے آپ سے سوال کیا کہ آپ فدک کی آمدنی میرے لیے مقرر فرما دیں۔ مگر آپ نے اس سے انکار فرما دیا۔ اور آپ کی حیات تک فدک کا معاملہ برقرار رہا۔ اور جب جناب ابوبکر رضی اللہ عنہ والی ہوئے تو انہوں نے بھی اس معاملہ کو اسی طرح رکھا جس طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھا تھا۔ یہاں تک کہ ان کا بھی وصال ہو گیا۔ پھر جناب عمر خطاب والی ہوئے تو آپ نے وہی راہ عمل اختیار کی جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور جناب ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اختیار کی تھی۔ آپ رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد مروان نے اسے جاگیر بنا دیا۔ اور اب اسی صورت میں یہ میری تحویل میں آیا۔ تو میں

بسم اللہ الرحمن الرحیم
07079
تحفۂ اثنا عشریہ اُردو
وہ عظیم الشان کتاب جس میں شیعہ مذہب کی ابتداء، ان کے بے شمار فرقے شیعوں کے اسلاف علماء اور ان کی کتابیں، احادیث اور ان کے راویوں کے حالات۔ ان کے کرو فریب کے طریقے جن سے وہ سادہ لوگوں کو اپنے مذہب کی طرف لاتے ہیں۔ الوہیت، نبوت، معاد اور امامت کے بارے میں اُن کے عقائد۔ اُن کے پرشیدہ فقہی مسائل، صحابۂ کرامؓ، ازواج مطہرات اور اہل بیت کے متعلق ان کے عقائد و اقوال۔ اُن کے جھوٹ، مکائد و مطاعن، ان کے اوہام و تعصبات اور سہوات کی تفصیل۔ غرض اس کتاب میں اس موضوع کے تمام مباحث جمع کر دیے گئے ہیں۔
تصنیف: حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلویؒ
ترجمہ اُردو: مولانا خلیل الرحمٰن نعمانی (مظاہری)
ناشر
دار الاشاعت
مقابل مولوی مسافر خانہ۔ کراچی

اتنے واضح دلائل کے بعد کوئی بھی آپ کی بات ماننے کو تیار نہیں ہو گا کہ فدک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یتیم مسکینوں کو چھوڑ کر صرف اور صرف اپنی بیٹی کو دیا ہو۔ ختم شد۔

شیعہ مناظر:

معاویہ صاحب! آپ کی پھر وہ ہی جہالت بھری باتیں، میں نے رد کر (دیا) کیا (آپ کی) عقل گھاس چرنے گی ہے؟ آپ کی کتابیں ہمارے لیے حجت نہیں۔ اب آتا ہوں اصل مقصد کی طرف بھاگنے نہیں دو گا یہ بات ذہن میں رہے اتنا زلیل کروں گا کہ آپ یاد کریں گے۔

معاویہ صاحب! عطیہ یہاں اپنے مذہب کی تائید میں کون سا شیعہ عقیدہ بیان کر رہا ہے اور اہل سنت کا وہ کون سا عقیدہ ہے جس کے خلاف عطیہ بات کر رہا ہے؟

1. شیعہ عقائد کی کتب سے وہ عقیدہ بیان کریں جو عقیدہ عطیہ نے بیان کیا۔
2. اہل سنت کی کتب سے وہ عقیدہ بیان کریں جس کے خلاف عطیہ نے بات کی۔

جناب یہ قیاس آرائیاں کرو گے تو جہالت ہی کہا جائے گا اور کیا محقق ہونے کا خطاب دیا جائے؟ معاویہ صاحب! حوالے صرف سنی شیعہ عقائد کی روشنی میں دینے ہوں گے۔ یہ حوالہ جات اس لیے طلب کر رہا ہوں کہ آپ کی لاجک کا پردہ فاش ہو جائے۔
معاویہ صاحب! آپ نے یہاں پر ایک غیر علمی دعویٰ کر کے پوری عمارت اس پر اٹھائی جواب چکنا چور ہونے والی ہے۔

حقیقت تو یہ ہے کہ عطیہ ثقہ راوی ہے اور اس نے قرآن مجید کی آیت کی تفسیر میں حدیث رسول اللہ بیان کی ہے آپ نے صرف شیعہ ہونے کی بنا پر اس کو بدعتی کہا ہے۔

معاویہ صاحب جب آپ کے علماء نے شیعہ کی درجہ بندی کی ہے

معاویہ صاحب! پھر آپ نے کہا بدعتی ہے عطیہ اب آپ عطیہ پر بدعت کبریٰ ثابت کریں پھر آپ کی جرح قابل قبول ہو گی نہیں تو یہ قیاس آرائیاں نہیں چلیں گی سب دیکھ رہے ہیں۔

معاویہ صاحب! جب آپ کے علماء نے شیعہ کی درجہ بندی کی ہے۔

1. وہ شیعہ جو بدعت صغریٰ کے مرتکب ہیں جیسے مذکورہ عبارت میں ہے آپ دیکھ سکتے ہیں۔ لہٰذا ان کی روایت قابل قبول ہے کسی کو اعتراض نہیں ہے۔
2. دوسری قسم کے شیعہ جو بدعت کبریٰ کے مرتکب ہیں جیسے کہ حضرت ابو بکر اور عمر کو گالی دینا یا اس فعل کی طرف لوگوں کو دعوت دینا ایسے شخص کی روایت قابل قبول نہیں ہے۔

معاویہ صاحب! اب میرا یہ دعویٰ ہے (کہ) عطیہ پہلی قسم کا شیعہ ہے۔ جس پر کوئی جرح نہیں ہے۔ معاویہ صاحب! آپ عطیہ کو دوسرے طبقے کے لوگوں میں ثابت کرو۔

معزز ناظرین! اب پھر معاویہ صاحب کی جہالت کا پردہ فاش ہونے والا ہے۔ معاویہ صاحب اس نقطہ کے علاوہ بات نہیں ہو گی۔

معاویہ صاحب علوم الحدیث ابن کثیر کا قول نقل کیا ہے اس کو بھی پڑھ لیں اردو میں (ٹیکسٹ) لکھنے کی ضرورت نہیں۔ (عکس ملاحظہ کریں)

اور یہی قول (امام) شافعی سے (بغیر کسی سند کے؟) مروی ہے۔ ابن الصلاح نے کہا:
یہ قول سب سے زیادہ انصاف والا اور راجح ہے۔ (بدعتی کی روایت کو) مطلقاً ممنوع قرار دینا بعید ہے اور ائمہ حدیث کے مشہور عمل کے خلاف ہے کیونکہ ان کی کتابیں ایسے مبتدعین سے بھری ہوئی ہیں جو بدعت کے داعی نہیں تھے۔ صحیحین میں ایسے مبتدعین کی شواہد واصول میں بہت سی روایتیں ہیں۔ واللہ اعلم (۱)

میں (ابن کثیر) نے کہا: (امام) شافعی نے کہا: میں روافض میں سے خطابیہ کے سوا سب (موثق) بدعتیوں کی گواہی قبول کرتا ہوں کیونکہ یہ خطابیہ اپنے حامیوں کے لئے جھوٹی گواہی دینا جائز سمجھتے ہیں۔ (دیکھئے کتاب الام ۶/۲۰۶ ومناقب الشافعی ۱/۴۶۸، السنن الکبریٰ ۱۰/۲۰۸، اور الکفایہ ۱۹۴، ۱۹۵)
اس قول میں (امام) شافعی نے داعی اور غیر داعی میں کوئی فرق نہیں کیا۔ پھر معنوی لحاظ سے ان دونوں میں کیا فرق ہوسکتا ہے؟

یہ بخاری ہیں جنھوں نے (سیدنا) علی (رضی اللہ عنہ) کے قاتل عبدالرحمٰن بن ملجم کی تعریف کرنے والے (!) عمران بن حطان الخارجی سے (صحیح بخاری میں) روایت لی ہے اور (حالانکہ) یہ شخص بدعت کے بڑے داعیوں میں سے تھا۔ واللہ اعلم (۲)

مسئلہ: جس شخص نے لوگوں پر جھوٹ بول کر پھر توبہ کر لی ہو (اور اس توبہ پر ثابت قدم ہو) تو ابوبکر الصیرفی کے برخلاف اس کی روایت مقبول ہوتی ہے۔

.....

(۱) جو راوی جمہور کے نزدیک ثقہ وصدوق ہو، چاہے بدعتی ہو یا سُنی، بدعت کا داعی ہو یا داعی نہ ہو، اس کی روایت حسن یا صحیح ہوتی ہے اور یہی قول راجح ہے۔ دیکھئے عصرِ حاضر کے ذہبی شیخ عبدالرحمٰن بن یحییٰ المعلمی الیمانی کی مشہور کتاب "التنکیل" (۱/۴۲۔۵۲)

(۲) عمران بن حطان خارجی کو جمہور محدثین نے ثقہ وصدوق قرار دیا ہے لہٰذا وہ حسن الحدیث راوی تھے۔ ابوالفرج الاصبہانی (الاغانی ۱۶/۱۵۳) المبرد (الکامل ۳/۱۶۹) اور ذہبی (سیر اعلام النبلاء ۴/۲۱۵) وغیرہم نے بیان کیا ہے کہ عمران مذکور نے عبدالرحمٰن بن ملجم خارجی (لعنہ اللہ) کی تعریف میں قصیدہ لکھا تھا۔ (!) لیکن یہ قصیدہ یا اس کے اشعار باسند صحیح عمران بن حطان سے ثابت نہیں لہٰذا وہ اس قصیدے کے الزام سے بری ہیں۔ واللہ اعلم

عطیہ کی بدعت فقط اتنی ہے کہ وہ عثمان پر علی کی فضیلت کا قائل ہے یا پھر علی کے مخالفین کی تنقیص کرتا تھا ذہبی نے اسلاف کی کسی راوی پر شیعت کی جرح کو اتنا ہی قرار دیا ہے۔

معاویہ اسکے علاوہ اسکی شیعت کا کوئی ثبوت دے سکتے ہو تو کوئی ایسا ثبوت کہ وہ شیخین کی امامت کا منکر تھا یا پھر علی کی خلافت بلا فصل کا قائل تھا یا پھر امامت کو صرف علی و اولاد علی کیلئے قرار دیتا تھا وغیرہ وغیرہ۔

معاویہ صاحب! آپ صرف عطیہ کی روایت کو اس لیے رد کر رہے ہیں کو وہ امام جعفر صادق علیہ السلام کے اصحاب میں تھا تو پھر ابو حنیفہ بھی تو آپ کے اصحاب میں تھا یا میں دکھاؤں کہ ابو حنیفہ نے کہا اگر جعفر صادق نہ ہوتے تو میں ہلاک ہو جاتا اور ابو حنیفہ کا استاد بھی ہے عطیہ۔

اب آپ کے پاس جواب نہیں ہے اس لیے ادھر ادھر بھاگ رہے ٹائم ضائع کر رہے ہو معاویہ صاحب! سب دیکھ رہے کیسی حالت ہو گی آپ کی۔ معاویہ صاحب! یہ لیں جب اصول دین کی مخالفت ہو اس وقت بدعتی کی روایت قابل قبول نہیں۔ (عکس ملاحظہ کریں)

12:24 300 KB/S

نظر؛ لأن من عرف بالكذب ولو مرة لا تقبل روايته، فأولى أن ترد رواية من يستحل الكذب(596).

القول الخامس: يرى جماعة من أهل النقل والمتكلمين أن أخبار أهل الأهواء كلها مقبولة سوء كانوا فسّاقاً أو كفّاراً بالتأويل.

قال ابن حجر في شرح النخبة: والتحقيق أنه لا يرد كل مكفر ببدعته لأن كل طائفة تدّعي أن مخالفيها مبتدعة، وقد تبالغ فتكفر

Copy Share Select All

ستلزم تكفير جميع الطوائف، فالمعتمد أن الذي ترد روايته من أنكر أمراً متواتراً من الشرع معلوماً من الدين بالضرورة، وكذا من اعتقد عكسه، فأما من لم يكن بهذه الصفة وانضم إلى ذلك ضبطه لما يرويه مع ورعه وتقواه فلا مانع من قبوله(597). وينظر في إمكان اجتماع الورع والتقوى مع البدعة المكفرة.

وأما ابن الصلاح فلم يدخل من كفر ببدعته في الخلاف أصلاً، بل حصر الخلاف فيمن لا يكفر ببدعته وتبعه على ذلك الحافظ العراقي:

والخلف في مبتدع ما كفرا قيل يرد مطلقاً واستنكرا

واختار الصنعاني في شرحه على نظم النخبة له أن يجعل المعيار في قبول الرواية الصدق ويطرح رسم العدالة وغيره لأن قبولهم رواية الدعاة إلى البدع كعمران بن حطان يقوّي القول بقبول المبتدع مطلقاً إذا كان صدوقاً(598).

ورجّح الشيخ أحمد شاكر ما حقّقه الحافظ ابن حجر وقال: إنه الحق الحري بالاعتبار ويؤيده النظر الصحيح(599)

کوئی الزام تو لگاؤ عطیہ پر (بدعتی) ہونے (کا)۔ ختم شد۔

سنی مناظر:

واہ کیا اخلاق ہے سبحان اللہ!

بدعتی راوی کی روایت جب اس کے مذہب کی تائید میں ہو تو وہ قبول نہیں اس پر میں اہل السنت کتب سے دو حوالے پیش کر چکا ہوں "نخبۃ الفکر" اور "تدریب الراوی" سے۔ شیعہ کتب سے بھی دو حوالے پیش کر چکا ہوں "الرعایۃ" اور "رسائل فی درایۃ الحدیث" سے۔

لیکن بخش حسین ہیں کہ شاذ اقوالات ثابت کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔

یہ تیسرا حوالہ کتب اہل السنت سے کہ ثقہ بدعتی کی روایت اس کی تائید میں قبول نہیں۔ (عکس ملاحظہ کریں)


سلسلة منشورات مكتبة دار المنهاج للنشر والتوزيع بالرياض ١

فتح المغيث
بشرح ألفية الحديث

تأليف الحافظ المؤرخ
شمس الدين أبي الخير محمد بن عبد الرحمن السخاوي الشافعي
المتوفى سنة ٩٠٢ رحمه الله

دراسة وتحقيق
د. عبد الكريم بن عبد الله بن عبد الرحمن الخضير
د. محمد بن عبد الله بن فهيد آل فهيد

المجلد الثاني

مكتبة دار المنهاج
للنشر والتوزيع بالرياض

معرفة صفة من تُقبل روايته ... إلخ ٢٢٨ فتح المغيث بشرح ألفية الحديث

وبالجملة فقد قال شيخنا: إن ابن حَبّان أغربَ في حكاية الاتّفاق[١].

ولكن يُشترط مع هذين ـ أعني: كونُه صدوقاً غيرَ داعية ـ أن لا يكون الحديث الّذي يحدِّث به مما يَعضُدُ بدعتَه ويشدُّها ويزيِّنُها، فإنَّا لا نَأمن حينئذٍ عليه غلبةَ الهوى، أفاده شيخُنا، وإليه يُومئ كلامُ ابن دقيق العيد الماضي[٢].

بل قال شيخنا: إنّه قد نصّ على هذا القيد في المسألة الحافظ أبو إسحاق إبراهيم بن يعقوب الجوزجاني شيخ النّسائي، فقال في مقدّمة كتابه في الجرح والتّعديل: ومنهم زائغٌ عن الحقِّ، صدوقُ اللَّهجة، قد جَرَى في النَّاس حديثُه، لكنَّه مخذولٌ في بدعته، مأمونٌ في روايته، فهؤلاء ليس فيهم حِيلَة إلّا أن يؤخذ من حديثهم ما يُعرف، وليس بمنكر، إذا لم تَقْوَ به بِدعتُهُم[٣]، فيُتَّهَمُون بذلك[٤].

(و) قد (رووا) أي: الأئمّة النقّاد كالبخاريِّ ومسلم أحاديثَ (عن) جماعة (أهل بدع) بسكون الدّال (في الصّحيح) على وجه الاحتجاج [بهم][٥]؛ لأنَّهم (ما دعوا) إلى بدعهم، وما استمالوا النَّاس إليها.

منهم: خالد بن مخلد[٦]، وعبيد الله بن موسى العبسي[٧]، وهما ممّن اتّهم بالغلو في التّشيع، وعبد الرّزاق بن همام[٨]، وعمرو بن دينار[٩]، وهما بمجرَّد التشيع.

(١) «شرح النخبة» (ص١٠٣). (٢) (ص٢٢٢ ـ ٢٢٣).
(٣) «شرح النخبة» (ص١٠٣ ـ ١٠٤).
(٤) «أحوال الرجال» للجوزجاني (ص٣٢).
(٥) ما بين المعقوفين لا يوجد في (س).
(٦) هو: خالد بن مخلد القطواني، أبو الهيثم الكوفي البجلي، مولاهم، وثقه عثمان بن أبي شيبة والعجلي، مات سنة ثلاث عشرة ومائتين.
«تاريخ الثقات» للعجلي (ص١٤١)، و«تهذيب التهذيب» (٣/ ١١٦ ـ ١١٨).
وانظر: طبقات ابن سعد (٦/ ٤٠٦)، وسؤالات الآجري (ص١٠٣)، و«الكفاية» (ص٢٠١).
(٧) انظر: «سؤالات الآجري» (ص١٥٠)، و«الكفاية» (ص٢٠١).
(٨) انظر: «الكامل» لابن عدي (٥/ ١٩٤٨)، و«الكفاية» (ص٢٠٨).
(٩) «الكفاية» (ص٢٠١) لكن قال الذهبي في «ميزان الاعتدال» (٣/ ٢٦٠): ما قيل عنه من التشيع باطل.

"نخبۃ الفکر" میں اکثر محدثین کا قول نقل کیا گیا تھا کہ بدعتی کی روایت اس کی تائید میں قبول نہیں۔ اس کے بعد "تدریب الراوی" اور اب "فتح المغیث" (سے حوالہ پیش کیا ہے)۔

یعنی یہ ایک متفقہ اصول ہے سوائے چند لوگوں کے، لیکن بخش حسین کہنا چاہ رہا ہے کہ اکثر و جمہور کا قول چھوڑ کر ان دو تین کا قول مانو۔

یہ تیسرا حوالہ شیعہ کتب سے کہ واقفیہ کی روایات جب ان کے مذہب کی تائید میں ہو تو قبول نہیں۔ (عکس ملاحظہ کریں)



٤٠/٥١ **بيان:** القنا في الأنف طوله و دقة أ
عن كونهما عريضتين كما مر في
سبق ظاهرا و في بعضها أربل بالر
أظهر و فلج الثنايا انفراجها و عدم

٢١ـ نـي: [الغيبة للنعماني] أحمد بن هوذة ن النهاون
لأبي جعفر عليه السلام جعلت فداك إني قد دخلت المدينة و في
ببابك دينارا دينارا أو تجيبني فيما أسألك عنه فقال يا
من رسول الله أنت صاحب هذا الأمر و القائم به قال لا
العينين المشرف الحاجبين عريض ما بين المنكبين برأس

بيان: المشرف الحاجبين أي في
النخالة و قوله عليه السلام رحم الله موسى
أنه قال فلانا كما سيأتي فعبر عنه

٤١/٥١ **٢٢ـ نـي: [الغيبة للنعماني] عبد الواحد بن عبد الله**
الحسين بن أيوب عن عبد الكريم بن عمرو الخثعمي
أعين قال سألت أبا جعفر عليه السلام فقلت أنت القائم قال قد ولد
ثم أعدت عليه فقال قد عرفت حيث تذهب صاحبك المدب

بيان: ابن الأرواع لعله جمع الأر
بحسنه و جهارة منظره أو بشجاعة

٢٣ـ نـي: [الغيبة للنعماني] بهذا الإسناد عن الحسين بن أيوب عن عبد الله الخثعمي[٧] عن محمد بن عبد الله[٨] عن وهيب بن حفص عن أبي بصير قال قال أبو جعفر عليه السلام أو أبو عبد الله عليه السلام الشك من ابن عصام يا با محمد بالقائم علامتان شامة في رأسه و داء الحزاز برأسه و شامة بين كتفيه من جانبه الأيسر تحت كتفيه ورقة مثل ورقة الآس[٩] ابن ستة و ابن خيرة الإماء.

بيان: لعل المعنى ابن ستة أعوام عند الإمامة أو ابن ستة بحسب الأسماء فإن أسماء آبائه عليهم السلام محمد و علي و حسين و جعفر و موسى و حسن و لم يحصل ذلك في أحد من الأئمة عليهم السلام قبله مع أن بعض رواة تلك الأخبار من الواقفية و لا تقبل رواياتهم فيما يوافق مذهبهم.

٤٢/٥١ **٢٤ـ نـي: [الغيبة للنعماني] ابن عقدة عن محمد بن الفضل بن قيس و سعدان بن إسحاق بن سعيد و أحمد بن الحسن[١٠] بن عبد الملك و محمد بن الحسن القطواني جميعا عن ابن محبوب عن هشام بن سالم عن زيد الكناسي قال سمعت أبا جعفر محمد بن علي الباقر عليه السلام يقول إن صاحب هذا الأمر فيه شبه من يوسف من[١١] أمة سوداء يصلح الله له أمره في ليلة[١٢] يريد بالشبه من يوسف عليه السلام الغيبة[١٣].**

٢٥ـ نـي: [الغيبة للنعماني] عبد الواحد بن عبد الله عن أحمد بن محمد بن رباح عن أحمد بن علي الحميري عن الحكم بن عبد الرحيم القصير قال قلت لأبي جعفر قول أمير المؤمنين عليه السلام بأبي ابن خيرة الإماء أهي فاطمة قال فاطمة خير الحرائر قال المبدح بطنه المشرب حمرة رحم الله فلانا[١٤].

---

(١) في المصدر: «لا تنفق».
(٢) الغيبة للنعماني ص٢١٥.
(٣) في المصدر: «عن محمّد بن زائدة» بدل «عن محمّد بن زرارة».
(٤) في المصدر: «المطالب».
(٥) في المصدر: «المبدح».
(٦) الغيبة للنعماني ص٢١٥.
(٧) في المصدر: «عن عبدالكريم بن عمرو الخثعمي».
(٨) في المصدر: «عن محمد بن عصام» بدل «عن محمّد بن عبدالله».
(٩) الغيبة للنعماني ص٢١٦.
(١٠) في المصدر: «الحسين» بدل «الحسن».
(١١) في المصدر: «ابن» بدل «من».
(١٢) في المصدر إضافة: «واحدة».
(١٣) الغيبة للنعماني ص٢٢٨.
(١٤) الغيبة للنعماني ص٢٢٨.

قارئین! آپ دیکھ چکے ہیں کہ یہ بخش حسین کیسے ایک متفقہ اصول کو چھوڑ کر شاذ اقوالات پیش کر کے وقت برباد کر رہا ہے۔

متواتر کے خلاف تو ویسے بھی رد ہے بدعتی کی روایت لیکن اس کے مذہب کی تائید میں بھی قبول نہیں جیسا کہ میں اکثر اور جمہور کا قد دکھا چکا ہوں۔

اس مسئلے پر جتنا چلنا ہے چلو، میں لائن لگا دوں گا سنی اور شیعہ کتب سے کہ اصول یہی ہے کہ بدعتی کی روایت اس کی تائید میں قبول نہیں۔

عطیہ کی بدعت اتنی ہے کہ وہ کوفی شیعوں میں سے ہے شیعوں نے اسے اپنے ائمہ کے اصحاب میں شمار کیا ہے۔ اگر امام ابو حنیفہؒ امام جعفر صادقؒ کے اصحاب میں سے ہوتے ہیں (تو) شیعہ ان کو ضرور اصحاب صادقؒ میں ذکر کرتے۔

لیکن شیعہ محدثین نے بھی امام ابو حنیفہؒ کو اصحاب صادقؒ میں ذکر نہیں کیا اس لیے کہ وہ کٹر سنی تھے، عطیہ کو شیعہ محدثین نے اصحاب صادق میں اس لیے شمار کیا کہ وہ پکا شیعہ تھا۔ تو اس سے میری بات کی تائید ہوتی ہے نہ کہ آپ کی اور میں صرف عطیہ نہیں بلکہ فضیل کو بھی شیعہ ثابت کیا ہے سنی اور شیعہ کتب سے۔

دو شیعہ وہ بھی ایک روایت میں اور کہہ رہے ہو کہ اصولوں کو چھوڑ کر صحیح روایات کو چھوڑ کر اہل السنت کے معتبر علماء کو چھوڑ کر ان کی بات مانو؟ کیا انصاف ہے۔

بخش صاحب! آج آخری دن ہے۔ بات کس وقت تک چلانی ہے؟ ختم شد۔

شیعہ مناظر:

معاویہ صاحب! میرے سوال کا جواب دیں اگر عطیہ بدعتی ہے کس قسم میں شمار کرتے ہیں؟

ایسے ہی سکین لگا کر کچھ حاصل نہیں ہو گا بدعت صغریٰ والے راوی کی روایت قبول کی جاتی ہے بدعت کبریٰ والے کی نہیں۔ آپ عطیہ کو بدعت کبریٰ پر ثابت کریں۔ یہ دوسری وارننگ ہے، جواب نہیں دیا تو باہر کر دیا جائے گا۔

سنی مناظر:

وقت بتادو اور اپنی ٹرن شروع کرو۔

شیعہ مناظر:

آپ اس کے بعد جواب دیں لیں اس کے بعد میری آخری ٹرن ہو گی۔

سنی مناظر:

ٹھیک ہے لیکن کوئی نیا حوالہ پیش نہیں کرنا اور اصول کی خلاف ورزی نہیں کرنی۔

شیعہ مناظر:

معاویہ صاحب عطیہ کو رافضی ثابت کرنا ہو گا پھر آپ کا یہ اعتراض قابل قبول ہو گا نہیں تو باطل ہے۔

پہلے بھی نہیں کی تو اب بھی نہیں ہو گی معاویہ صاحب!

معاویہ صاحب! جب آپ کے علماء نے شیعہ کی درجہ بندی کی ہے۔

1. وہ شیعہ جو بدعت صغریٰ کے مرتکب ہیں جیسے مذکورہ عبارت میں ہے آپ دیکھ سکتے ہیں۔ لہٰذا ان کی روایت قابل قبول ہے کسی کو اعتراض نہیں ہے۔
2. دوسری قسم کے شیعہ جو بدعت کبریٰ کے مرتکب ہیں جیسے کہ حضرت ابو بکر اور عمر کو گالی دینا یا اس فعل کی طرف لوگوں کو دعوت دینا ایسے شخص کی روایت قابل قبول نہیں ہے۔

معاویہ صاحب! اب میرا یہ دعویٰ ہے (کہ) عطیہ پہلی قسم کا شیعہ ہے۔ جس پر کوئی جرح نہیں ہے۔ معاویہ صاحب! آپ عطیہ کو دوسرے طبقے کے لوگوں میں ثابت کرو۔

معزز ناظرین! اب پھر معاویہ صاحب کی جہالت کا پردہ فاش ہونے والا ہے۔ معاویہ صاحب اس نقطہ کے علاوہ بات نہیں ہو گی۔ معاویہ صاحب آپ کی پھر وہ ہی جہالت بھری باتیں میں نے رد کر کیا عقل گھاس چرنے گی ہے آپ کی کتابیں ہمارے لیے حجت نہیں۔ اب آتا ہوں اصل مقصد کی طرف بھاگنے نہیں دو گا یہ بات ذہن میں رہے اتنا ذلیل کروں گا کہ آپ یاد کریں گے۔

معاویہ صاحب! عطیہ یہاں اپنے مذہب کی تائید میں کون سا شیعہ عقیدہ بیان کر رہا ہے اور اہل سنت کا وہ کون سا عقیدہ ہے جس کے خلاف عطیہ نے بات کر رہا ہے؟

1. شیعہ عقائد کی کتب سے وہ عقیدہ بیان کریں جو عقیدہ عطیہ نے بیان کیا۔
2. اہل سنت کی کتب سے وہ عقیدہ بیان کریں جس کے خلاف عطیہ نے بات کی۔

معاویہ صاحب حوالے صرف سنی شیعہ عقائد کی روشنی میں دینے ہونگے۔ یہ حوالہ جات اس لیے طلب کر رہا ہوں کہ آپ کی لاجک کا پردہ فاش ہو جائے۔

معاویہ صاحب! آپ نے یہاں پر ایک غیر علمی دعویٰ کر کے پوری عمارت اس پر اٹھائی جو اب چکنا چور ہونے والی ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ عطیہ ثقہ راوی ہے اور اس نے قرآن مجید کی آیت کی تفسیر میں حدیث رسول اللہ بیان کی ہے۔ آپ نے صرف شیعہ ہونے کی بنا پر اس کو بدعتی کہا ہے۔ معاویہ صاحب کہہ رہے عطیہ شیعہ ہے بدعتی ہے کوفی ہے۔

لیکن یہ نہیں بتارہے کہ بدعت کیا ہے؟ معزز ناظرین! دیکھ لیں اپنی طرف سے الزام عائد کرنا اور اس کو ثابت نہ کرنا اس کو کم علمی کہتے ہیں پھر وہ ہی سوال اوپر رکھ دیئے ہیں۔

معاویہ صاحب! عطیہ کا بدعتی ہونا اس درجے کا ہے کہ اس کی روایت قبول نہ کی جائے؟ اس کا جواب دینا معزز ناظرین کو آپ کے جواب کا انتظار ہے۔

میں کوئی حوالہ پیش نہیں کروں گا کہ گفتگو کا رخ تبدیل ہو جائے لہذا گفتگو مکمل ہو رہی نتیجہ نکلے (گا)۔ ختم شد۔

سنی مناظر:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قارئین! یہ میری آخری ٹرن ہے۔ اس کے بعد بخش حسین کی آخری ٹرن (ہے)۔

آپ سب نے دیکھا کہ شیعہ مناظر نے اپنے دعویٰ میں جو دلائل پیش کیے ان سب کا میں نے تفصیلی رد کیا۔ ان کی مرکزی دلیل مسند ابو یعلی والی روایت کے رد میں میں نے چھ جوابات دیے۔

پہلا جواب:

کہا اس میں دو راوی شیعہ ہیں، عطیہ اور فضیل۔ ان کا شیعہ ہونا کتب اہل السنت کے ساتھ شیعہ کتاب "معجم رجال الحدیث" سے بھی ثابت کیا اور ساتھ میں متفقہ اصول بھی دکھایا سنی و شیعہ کتب سے کہ بدعتی اگرچہ ثقہ ہو لیکن جب وہ اپنے مذہب کی تائید میں روایت کرے تو وہ قابل قبول نہیں۔

جس کے جواب میں بخش حسین صرف اس پر بحث کرتا رہا کہا (کہ) عطیہ کس طرح کا شیعہ ہے؟ اور شیعہ کی روایت قبول ہے۔ حالانکہ میں اس کا جواب دے چکا تھا کہ جس کو تمہارے لوگ اپنے اماموں کے شیعہ میں شمار کریں وہ عام شیعہ نہیں بلکہ پکا شیعہ ہو گا، (بعض) اہل السنت کو اس کی خبر نہیں ہوئی کیونکہ تقیہ اور مذہب چھپانا شیعہ مذہب میں عبادت ہے۔

اس پر میرے کسی بھی حوالے کا جواب بخش حسین نہ دے سکا سوائے شاذ اقوالات کے جن کا رد میں جمہور کے اقوالات سے کر چکا ہوں۔

دوسرا جواب:

دوسرا جواب میں نے یہ دیا کہ یہ آیت مکی ہے اور فدک مدینہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا۔ اس پر میں نے شیعہ مفسر طباطبائی کا حوالا پیش کیا اور سنی کتب سے تحفہ اثنا عشری، تفسر ابن کثیر کے حوالے پیش کیے۔ جواباً بخش حسین نے علامہ آلوسی وغیرہ کی تفسیر سے یہ پیش کیا کہ یہ آیت مدنی ہے۔

لیکن بخش حسین کی خیانت ان حوالاجات سے پکڑی گئی کہ جمہور مفسرین اس پوری سورت کو مکی کہہ رہے ہیں اور یہ شاذ اقوالات پیش کر کے اس آیت کو مدنی ثابت کر رہا تھا۔ جس پر بخش حسین نے کہا کہ مفسرین نے کہ کہا ہے کہ اس کی اکثر آیات مکی ہیں۔ جس پر میں نے اس سے ان تفاسیر عبارت کا ترجمہ کرنے کا کہا تو آخر تک جواب نہیں دیا اور ان کی دھوکا بازی اور خیانت پکڑی گئی۔

تیسرا جواب:

میں نے سیر اعلام النبلاء صحیح روایت پیش کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ فاطمہؓ کو فدک دینے سے منع کیا تھا اور اہل السنت (کے) چھ (6) معتبر علماء کے حوالاجات بھی پیش کیے گئے کہا فدک ہبہ کیے جانا جھوٹ ہے؟ لیکن ان سب کا جواب آخر تک نہیں دیا گیا۔

چوتھا جواب:

"لسان المیزان" سے میں نے ثابت کیا کہ ابو العینا اور جاحظ نے فدک والی حدیث گھڑی تھی۔ ساتھ میں "تحفہ اثنا عشری" سے بھی فدک والی حدیث کو جھوٹی ثابت کیا۔ لیکن آخر تک کوئی جواب نہیں آیا۔

پانچواں جواب:

میں نے شیعہ کتاب "مراۃ العقول" سے (میں نے ثابت کر) دیا کہ فدک یتیم، مسکین اور مسافروں کا حق ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صرف سیدہ فاطمہؓ کو کیسے دے سکتے ہیں؟ کوئی جواب نہیں آیا۔

چھٹا جواب:

اسی "مراۃ العقول" سے (میں نے ثابت کر) دیا کہ فدک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ان کے قائم مقام کے پاس جائے گا لیکن ان کا کوئی جواب نہیں آیا۔

باقی آپ نے بخش حسین کی روش دیکھی کہ کسطرح میرے حوالاجات کو نظر انداز کر کے اپنی طرف سے۔

1. عطیہ کی توثیق بھیجنا شروع کر دی۔
   - ❖ حالانکہ اس پر بحث ہی نہیں تھی۔
2. عطیہ کے شیعہ ہونے پر سارا وقت ضائع کر دیا۔
   - ❖ حالانکہ میں خود انہی کی کتاب "معجم رجال الحدیث" سے اس کا امام باقرؒ کے اصحاب میں شمار ہونا دکھایا تھا

اور فضیل کا بھی شیعہ ہونا (اور امام جعفر صادقؒ کے اصحاب میں شمار) دکھایا تھا، یعنی دو شیعہ ایک روایت میں۔

3. اس میں بخش حسین نے زور دیا کہ بدعتی کی روایت اس کی تائید میں قبول ہے۔

❖ حالانکہ میں جمہور کا متفقہ اصول دکھا چکا تھا سنی اور شیعہ کتب سے (کہ بدعتی کی روایت اس کی تائید میں قبول نہیں)۔

4. جناب نے ہبہ کی روایت کے تواتر کا دعویٰ کیا۔

❖ جب میں نے تواتر کی شرائط بھیجیں تو اس کے بعد آخر تک (جواب) نہ دے سکا اور دعویٰ تواتر بھول گئے۔

خلاصہ:

یہ کہ بخش حسین صاحب اپنے دعویٰ کے ثبوت میں مکمل طور پر ناکام رہے اہل علم مکمل گفتگو دیکھ کر اندازہ لگالیا ہو گا۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین.

ختم شد۔

شیعہ مناظر:

جناب معاویہ! یہ فیصلہ اہل علم پر چھوڑتے ہیں کہ کون ناکام رہا اب آتا ہوں اصل مقصد کی طرف۔

معزز ناظرین! جیسا کہ معاویہ صاحب تین دن تک ایک بات کی رٹ لگا کر لکھتے رہے کہ شیعہ راوی کی روایت قبول نہیں، جب معاویہ صاحب سے سوال کیا گیا کہ کس لیے؟ معاویہ صاحب نے کہا کہ عطیہ بدعتی ہے۔ جیسا کہ کسی سے نام سنا ہو بدعت کا ۔ جب معاویہ صاحب سے کہا گیا کیسے عطیہ بدعتی ہے؟ ثابت کریں۔ (جواب دیا) اپنے مذہب کی تائید میں روایت نقل کی ہے اس لیے بدعتی ہے۔ ہم نے کہا معاویہ صاحب کون سی اقسام کی بدعت میں لاتے ہیں عطیہ کو؟ بدعت صغریٰ یا بدعت کبریٰ؟

معاویہ صاحب کا جواب نہیں آیا۔ بس یہ ہی کہا کہ عطیہ بدعتی ہے اور جتنے بھی معاویہ صاحب نے سکین پیش کیے بدعت پر ان میں سے یہ ثابت نہیں کر سکے کہ عطیہ کے بارے میں ہیں۔

لہٰذا معاویہ صاحب عطیہ کو بدعتی ثابت نہیں کر سکے۔ معاویہ صاحب تحفہ اثنا عشریہ کی بات کر رہے ہیں جب کہ معاویہ صاحب کو میں بار بار کہتا رہا کہ آپ کی کتاب ہمارے لیے حجت نہیں ہے تو معاویہ صاحب اپنی کتاب سے رد کرنے کی ناکام کوشش کرتے رہے۔

اور معاویہ صاحب عطیہ کو جب شیعہ کہہ کر مجروح قرار دیا تو پھر ہم نے معاویہ صاحب کو اس کی کتاب تحفہ اثنا عشریہ سے دکھایا کہ معاویہ صاحب پہلے تابعین اور اصحاب کو شیعہ کہا جاتا تھا تو معاویہ صاحب نے جواب نہیں دیا۔ یہ ہی کہا عطیہ شیعہ اور بدعتی ہے۔

شاہ صاحب نے تو اہل سنت کو ہی شیعہ لکھ دیا اگر عطیہ بدعتی تھا تو پھر تابعین اور اصحاب بھی معاویہ صاحب کے بعقول بدعتی ہوئے۔

معاویہ صاحب کہہ رہے ہیں کہ میں نے سیر اعلام النبلاء سے صحیح روایت پیش کی۔

معاویہ صاحب ہم نے اہل سنت کی کتب سے حوالہ دیا مسند ابو یعلی الموصلی سے تو معاویہ صاحب عطیہ کو بدعتی کہہ دیا۔ اور اپنی کتابوں سے رد کر رہے تھے نہ کے مخالف کی کتابوں سے۔ جیسا کہ پہلے سکین بنا کر رکھے ہو کہ ان کو لگانا ہے اپنا گھوڑا اپنا میدان

معاویہ صاحب نے کہا تقیہ کرتے ہیں مذہب چھپانا تقیہ تو اہل سنت کے ہاں بھی موجود ہے معاویہ صاحب شاید اس بات کو بھول گئے۔

جب ہم نے روایت کو دوبارہ تواتر سے پیش کیا تو معاویہ صاحب پھر یہ کہہ کر جان چھڑا کر بھاگ نکلے کہ فلاں روایت کی توثیق نہیں ہے۔

یہ کاپی پیسٹ ہے جب ہم نے سات روایت لگائی تواتر کے ساتھ اور ساتھ کتاب المحلی سے ابن حزم کا قول لگایا کہ جو روایت چار صحابہ سے نقل ہو جائے اس پر جرح نہیں ہوتی۔

معاویہ صاحب المحلی کے قول کو یہ کہہ کر ٹھکرا دیا کہ کسی اور کا قول دو جیسے المحلی ابن حزم کا قول معاویہ صاحب کے لیے کوئی معنی نہ رکھتا ہو۔

المحلی کا یہ قول دو جگہ پر پیش کیا جلد نمبر ایک ۱ سے اور جلد نمبر سات ۷ سے۔ جس کا جواب معاویہ صاحب نے نہیں دیا اور چھلانگ لگا کر کہا عطیہ شیعہ ہے اور بدعتی (ہے)۔

پہلی بات تو یہ کہ معاویہ صاحب شروع سے آخر تک یہ دعویٰ کرتے رہے کہ بدعتی راوی کی روایت اس کے مذہب کی تائید میں قبول نہیں، مگر آخر تک وہ یہ ثابت نہیں کر سکے کہ عطیہ نے قرآن مجید کی آیت کی تفسیر میں اس حدیث رسول سے اپنے کونسے مذہب کی تائید کی ہے؟

کیا قرآن مجید کی تفسیر میں ثقہ راوی کی بیان کردہ حدیث رسول، اہل سنت مذہب کے خلاف شمار ہوتا ہے؟ اس پر معاویہ صاحب سے حوالہ طلب کیا گیا مگر انہوں نے ایک حوالہ تک نہ دیا۔

دوسری بات معاویہ صاحب شروع سے یہ رٹ لگاتے رہے کہ عطیہ شیعہ اور امام باقر علیہ السلام کے اصحاب میں سے تھا، لہذا وہ پکا شیعہ ہو گا اور سنی علمائے متقدمین کو اس کا پتہ نہیں چلا کیوں کہ اس نے تقیہ کیا ہو گا۔

یہاں معاویہ صاحب کو خود یقین نہیں ہے کہ وہ اہل سنت علما متقدمین کی لاعلمی کا دعویٰ درست کر رہے ہیں یا غلط؟ یہی حال معاویہ صاحب کے عطیہ پر تقیہ کرنے کا الزام لگانے کا ہے وہاں بھی معاویہ صاحب نے محض ایک شوشہ چھوڑا ہے کوئی دلیل نہیں دی کہ عطیہ نے تقیہ کیا۔

سب سے بڑی بات معاویہ صاحب خود اقرار کرتے رہے کہ عطیہ ثقہ ہے اس پر کوئی اعتراض نہیں۔ تو جناب ایسا راوی ثقہ کیسے ہو گیا جو تقیہ کر کے قرآن مجید کی آیت بھی پڑھ رہا ہے اور رسول اللہ پر معاذاللہ بہتان بھی باندھ رہا ہے۔ لہذا یا تو عطیہ کو ثقہ لکھنے والے اہل سنت علما جھوٹے ہیں یا پھر معاویہ صاحب خود جھوٹ بول رہے ہیں۔

پھر معاویہ صاحب یہاں مذکورہ آیت پر مفسرین کا اختلاف بھی دکھا رہے ہیں کہ بعض اسے مکی اور بعض اس کے مدنی ہونے کے قائل تھے..... تو جب اختلاف ثابت ہو گیا تو یہ دلیل نا رہی کیوں کہ اصول ہے جس رائے میں اختلاف سامنے آئے وہ قابل حجت نہیں..... جناب طباطبائی کی رائے مذکورہ سورہ سے متعلق ہے اور یہ تو سب ہی مانتے ہیں قرآن میں بعض سورتیں ایسی ہیں جن کی بعض آیات مکہ اور بعض آیات مدینہ میں نازل ہوئیں..... مگر مفسرین نے سورہ کو مجموعی حیثیت میں مکی یا مدنی شمار کیا..... معاویہ صاحب یقیناً اس علمی نقطے سے بھی لاعلم ہیں۔

پہلی بات تو سنی کتاب کا حوالہ ہم پر حجت نہیں بارہا دیا جاچکا، دوسری بات بالفرض اہل سنت عقیدے کے مطابق یہ مان لیا جائے کہ صحیح روایت سے یہ ثابت ہے کہ جناب سیدہ نے رسول اللہ سے بھی فدک مانگا تھا اور رسول اللہ نے انکار کر دیا تھا پھر جناب سیدہ نے یہ مطالبہ جناب ابو بکر سے کیوں دہرایا؟

کیا معاذاللہ اہل سنت عقیدے کے مطابق جناب سیّدہؑ جو کہ فاتح مباہلہ اور آیت تطہیر کی مصداق ہیں وہ واقعاً ایسی شخصیت تھیں کہ فدک کے لیے اتنی گر جائیں۔ معاذاللہ..... یہ معاویہ صاحب سیر اعلام النبلا کی اس صحیح روایت سے اہل سنت کے کس عقیدے کی ترجمانی کر رہے ہو؟ معاویہ صاحب!

شیعہ اصول حدیث کے مطابق خلاف قرآن روایت قابل حجت نہیں..... سورہ حشر آیت چھ (6) میں ہے کہ ایسا مال فئی جو بغیر گھوڑے یا اونٹ دوڑائے مسلمانوں کے ہاتھ آئے اس پر رسول اللہ ﷺ کا حق ہے اور کسی کا اس میں حق نہیں، اب رسول اللہ کی مرضی تھی وہ اپنا ذاتی حق جسے چاہیں دیں اور جسے چاہے نا دیں..... اور رسول اللہ نے فدک جناب سیدہؑ کو ہبہ کیا۔

جہاں تک فدک کے بعد از رسول ان کے قائم مقام کے پاس جانے کے بعد کی بات ہے تو ایسا اس صورت ہوتا جب رسول اللہ اسے ہبہ نا کرتے، کیوں کہ جو چیز ہبہ کر دی جائے تو پھر وہ اس کی ملکیت ہو جاتا ہے جسے ہبہ کیا جاتا ہے..... لہٰذا روایت کو اس کے شان نزول کے تناظر میں دیکھا جانا چاہیے۔

عطیہ کی توثیق اس لیے بھیجی گئی کیوں کہ معاویہ صاحب کا پورا زور اس بات پر تھا کہ عطیہ شیعہ تھا، علمائے متقدمین کو اسے پہچاننے میں غلطی ہوئی..... لہٰذا توثیق سے ثابت کیا گیا کہ اگر معاویہ صاحب کے مطابق یہ غلطی تھی تو دیکھیں کتنے بڑے بڑے سنی علما اس غلطی سے لاعلم تھے اب ان کی اس لاعلمی سے تو پورا مذہب تسنن ہی نابود ہو گیا کیوں کہ اتنی غلطیاں کرنے والوں سے ہی تو معاویہ صاحب سمیت تمام اہل سنت نے اپنا مذہب لیا ہے۔

دوسری بات کے رد کے طور پر ہی شاہ عبد العزیز محدث دہلوی کا حوالہ دیا تھا کہ اہل سنت بھی اس دوَر میں شیعہ کہلاتے تھے..... بعد کے ادوار میں انہوں نے اپنے لیے شیعہ کا لقب چھوڑ کر اہل سنت لقب اختیار کیا..... اصولاً تو عطیہ اور فضیل کے دوَر میں اہل سنت مذہب کا وجود معاویہ صاحب کو ثابت کرنا چاہیے تھا جو وہ یقیناً قیامت تک ثابت نہیں کر سکیں گے۔

تیسری بات یہاں بدعتی کی کس بدعت کی تائید تھی یہ معاویہ صاحب بارہا مطالبے کے باوجود دلیل سے ثابت نا کر سکے..... انہوں نے بدعت بدعت کی رٹ لگائے رکھی مگر شاید معاویہ صاحب کو خود بدعت کی تعریف بھی نہیں معلوم۔

چوتھی بات تواتر کی شرائط سے قبل ہی ہبہ کیا جانا ثابت کیا جاچکا تھا جس کا رد کرنے کے لیے معاویہ صاحب نے کیا جتن کیے، یہاں تک کے جناب سیدہؑ کی سیرت کی سیر اعلام النبلا سے وہ منظر کشی کی کہ جس کی جرات خود جناب ابو بکر اور جناب عمر نے بھی نہیں کی تھی..... معاویہ صاحب کو لگتا ہے کہ وہ جناب ابو بکر اور جناب عمر سے زیادہ جانتے ہیں کہ جناب سیدہؑ کو فدک دینے سے رسول اللہ ﷺ نے منع کر دیا تھا، مگر یہ بات جناب ابو بکر اور جناب عمر کو معلوم نا ہو سکی۔

گروپ میں اب تبصرہ کیا جائے گا ان شاءاللہ شام چھ بجے۔

ادب احترام کیساتھ تبصرہ کیا جائے بس۔

مبصر سید ذاکر علی شاہ

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم اما بعد! اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم السلام

مختصر تبصرہ:

اس مناظرے میں نئی بات یہ سامنے آئی کہ شیعہ مناظر بخش حسین نے اھل سنت مناظر کے سامنے عطیہ عوفی راوی کی روایت رکھی جس میں فدک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے بی بی فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو عطا کرنے کا ذکر ہے۔

اہل سنت مناظر نے عطیہ عوفی راوی کے بارے میں ثبوت دیا کہ وہ ویسے ثقہ تھے مگر وہ شیعت کی طرف مائل بھی تھے اور اہل سنت اور شیعہ کتب سے ثبوت دیا کہ ایسے راوی کی ایسی روایت جو کسی بدعت میں مبتلا ہو اور روایت اس کے بدعتی مذہب کی تائید میں ہو تو قبول نہیں کی جائے گی۔

شیعہ مناظر باوجود اصول دیکھ لینے کے بضد رہا کہ عطیہ تمہارے یہاں ضعیف راوی نہیں ہے۔ اہل سنت مناظر بار بار کہتا رہا کہ متفق علیہ اصول کو مانو شیعہ مناظر انکار کرتا رہا۔

اہل سنت مناظر نے دلیل دی کہ جس آیت کے تحت وہ روایت بیان ہوئی ہے وہ تو اس وقت کی ہے جب فدک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے قبضے میں آیا ہی نہیں تھا یعنی مکی آیت ہے تو جو چیز خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے قبضے میں نہیں تھی وہ کیسے سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو قبضے میں دی جاسکتی ہے؟؟

اور پھر اہل سنت مناظر نے یہ بھی ثابت کیا کہ اس روایت کو اہل سنت علماء نے کذب قرار دیا ہے۔

شیعہ مناظر بار بار یہی کہتا رہا کہ عطیہ عوفی ضعیف نہیں ہے اور شاید وہ یہ دھوکہ دینا چاھتا تھا کہ عطیہ کو کیوں کہ اہل سنت نے ثقہ کہا ہے تو عوام کو دھوکہ دے سکے گا کہ ثقہ ہونے سے ان کا دعوی ثابت ہو گیا۔

دوسری حرکت شیعہ مناظر کی یہ تھی کہ اہل سنت کتب سے ادھوری بات پیش کرتا تھا جب مناطر اہل سنت مکمل بات دکھا کر دھوکہ ثابت کرنے کیلئے اہل سنت کتب سے حوالہ پیش کر کے شیعہ مناظر کے دھوکے کا ثبوت دیتا تو شیعہ مناظر واویلا کرتا تھا کہ اپنی ہی کتب بھیج کر ثابت کر رہے ہو۔

عطیہ اور ان کے ساتھ سند میں دوسرے شیعہ راوی کے ھوتے ھوئے اصولی طور پر روایت قابل استدلال ھی نہ رھی اور جب اھل سنت نے دلائل سے ثابت کر دیا کہ یہ روایت ھی خلاف واقعہ ھے کیوں کہ جس وقت آیت ذوالقربی... نازل ھوئی اس کے فوری متصل بعد فدک بی بی کو دینا ممکن ھی نہیں تھا کیونکہ مکی زندگی میں فدک خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے قبضے میں ھی نہیں تھا

اور اہل سنت محدثین بھی اسے کذب کہتے ہیں تو ایمانداری کا تقاضہ یہی تھا کہ شیعہ تسلیم کرتا اور کوئی دوسری دلیل دینے کی کوشش کرتا مگر شیعہ مناظر بدزبانی کرکے زبردستی اپنی بات منوانے کی کوشش کرتا رہا۔

لگے ہاتھوں ایک بات کہتا چلوں

بدعت کی طرف مائل راوی جسے محدثین نے ثقہ کہا ہوتا ہے اس کی ایسی روایت قابل قبول نہیں ہوتی جو اس کے بدعتی مذہب کی تائید میں ہوں۔

شیعہ مناظر بار بار ایسی روایات کو بھی صحیح قرار دلوانے کی کوشش کرتا رہا۔ ایسا راوی مطلقاً ضعیف (کمزور) نہیں ہوتا مگر اس سے ایسی روایات جو دوسرے ثقہ غیر بدعتی راویوں کے خلاف ہوں اس راوی کے بدعت کی تائید والے معاملے میں اس کا کمزور اور ضعیف ہونا ثابت کرتا ہے۔

اسی لئے ایسے ثقہ بدعتی مذہب رکھنے والوں کی تائید بدعت والی روایت رد کی جانا متفقہ اصول ہے شیعہ کو چاہئے کہ وہ کم از کم شیعہ اصول پڑھ کر مناظرے کے میدان میں اترا کرے۔

☆تبصرہ منجانب اہلسنت والجماعت مذہب حقہ☆

از قلم محمد عیش ابراہیم:

باغ فدک پر ہونے والا مناظرہ شیعہ مناظر کے دعویٰ لکھنے پر ہی اہلسنت کے حق ہونے کی مہر لگا چکا تھا کیونکہ شیعہ مناظر نے ہبہ کی موضوع روایت شیعوں کی گھڑ نتو روایت سے ہبہ کا دعویٰ کر کے سیدہ فاطمہؓ کے دعویٰ وراثت کی خود ہی نفی کر دی کیونکہ اگر یہ دونوں دعوے مان لئے جائیں تو اجتماع النقیضین لازم آتا ہے۔

- ہبہ حیات کو چاہتا ہے جو قبضہ سے تام ہو جاتا ہے اور میراث موت کو چاہتی ہے۔

اگر سیدہ فاطمہؓ کو ہبہ ہو کر انکے قبضے میں آگیا تھا تو دعویٰ میراث چہ معنی؟

اگر دعوی میراث کیا تھا جو اہلسنت کی معتبر کتب میں موجود ہے تو پھر ہبہ کی نفی از خود ہو جاتی ہے کیونکہ ہبہ کے ہوتے ہوئے کبھی میراث کا دعوی نہیں کرتا کوئی ذی عقل۔

یہ بد عقل بد مذھبوں کی ہی بد عقلی ہے جو اجتماع النقیضین کو برداشت کر لیتے ہیں۔

الحمدللہ اہلسنت مناظر نے دلائل قاہرہ سے ہبہ کا رد کر دیا اور معتبر روایات سے دکھا دیا اہلسنت کا نظریہ کہ سیدہ فاطمہؓ کو ہبہ نہیں ہوا فدک۔

شیعہ مناظر نے جو شیعہ راویوں سے بھرپور سند والی روایت لگا کر ہبہ ثابت کرنے کی کوشش کی اس کا جواب الجواب شیعہ مناظر آخر تک نہ دے سکا۔

شیعہ اصول بھی پیش کئے گئے اہلسنت کے شروط قبول ورد بھی پیش کئے گئے کہ بدعتی کی روایت اسکے مذہب کی تائید میں قبول نہیں لیکن جہلا تو ذوالجناح پر کتب لکھنے کے شوقین ہیں اور ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ سے اوراق سیاہ کرتے ہیں۔ شیعہ مناظر یہی کہتا رہا عطیہ کی بدعت ثابت کرو۔

ایک بچہ بھی جانتا باغ فدک کا ہبہ ہونا خالصتاً شیعہ بد مذہب کا خاصہ ہے اور یہ روایت شیعہ راوی کی ہے اسلئے قبول نہیں کیونکہ یہ شیعوں کی تائید میں ہے لیکن جواب وہی ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ ٹخہ ٹخ۔

الحمدللہ اہلسنت مناظر نے براہین قاطعہ سے شیعہ مناظر کا رد کر دیا۔

مجھے کافی حیرت ہوئی شیعہ مناظر کی علمی یتیمیت دیکھ کر کہ ایک جعلی خبر واحد کو متواتر ثابت کرنے پر تلا تھا۔

حالانکہ یہ ابو سعید کلبی جیسے عطیہ تدلیس کر کے ابو سعید خدریؓ بنا کر پیش کرتا تھا صرف اسی سے مروی خبر واحد ہے اور ابن عباسؓ والی روایت کی سند موجود نہیں کتب اہلسنت میں شیعہ بیچارے یہ سمجھے کہ ایک ہی روایت متعدد کتب میں نقل ہونے سے شاید متواتر ہو جاتی ہے۔

فنعوذ باللہ من ذوی العقول اللہ عقلوں کے زائل ہونے سے بچائے اور صراط مستقیم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

السلام علی من اتبع الھدی

غازی عبد الرشید

اہل ایمان کے لیے اسلام علیکم

اور روافض کے لیے ہدایت کی دعا

ماشاء اللہ اہل سنت مناظر مولانا علی معاویہ صاحب نے اہل تشیع مناظر بخش حسین حیدری کے دعوی ہبہ فدک کو اپنے علم اور دلائل کی بنا پر بہت اچھی طرح رد پیش کیا۔

- شیعہ مناظر کسی بھی صحیح روایت سے باسند معتبر سیدہ فاطمہ رضی اللہ کو باغ فدک ہبہ کیا جانا ثابت نہ کر سکا بلکہ تین دن تک ہونے والے مناظرے کو آئیں بائیں شائیں میں گزار دیا
- شیعہ مناظر نے ہبہ فدک پر جو پہلی روایت اہل سنت کتاب سے پیش کی اسکا راوی عطیہ عوفی ہے اور اہل سنت مناظر مولانا علی معاویہ صاحب نے اہلسنت اصول کے مطابق تہذیب التہذیب اور تدریب الراوی سے یہ ثابت کیا کہ شیعہ روایت اسکے مذہب کی تائید میں قبول نہیں۔
- عطیہ عوفی کے شیعہ ہونے پر اعتراض نہیں بلکہ اسکی بدعت پر اعتراض ہے۔
- بدعتی راوی کی روایت دو شرطوں کے ساتھ قبول ہوتی ہے (۱) راوی اپنی بدعت کی طرف داعی نا ہو (۲) اپنی بدعت کو رواج دینے والی کسی چیز کی روایت نہ کرے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ فاطمہؓ کو فدک ہبہ کیا یہ صرف اور صرف مسلک تشیع کا عقیدہ ہے نہ کہ اہل سنت کا تو پھر ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ کسی صحابی، تابعی، محدثین یا اہلسنت آئمہ کرام کی وہ روایت پیش کی جاتی جس سے فدک ہبہ کیا جانا ثابت ہوتا مگر شیعہ کا عقیدہ شیعہ راوی کی روایت سے بیان کرنا ہی بدعت ہے اور پورے مناظرے میں مولانا علی معاویہ صاحب شیعہ مناظر کو یہی بات سمجھاتے رہے مگر شیعہ مناظر اپنی کم علمی اور کم عقلی کے باعث یہ بات سمجھنے سے قاصر رہا اور بار بار ایک ہی سوال عطیہ کی بدعت ثابت کرو۔

جس بندے کو بدعت کا مفہوم ہی معلوم نا ہو وہ بھی مناظر بن بیٹھا العجیب!

بخش حسین! آپ اصول مناظرہ اور اپنی کتب سے مکمل طور پر ناواقف ٹھہرے جن لوگوں کے دیے ہوئے لقمے آگے ٹرانسفر کرتے رہے کیا انہوں نے بھی اس دلیل کو نظر انداز کر دیا جو آپ کے شہید ثانی زین الدین عاملی کی کتاب الرعایۃ سے مولانا صاحب نے دیا تھا جس میں واضح لکھا ہے کہ غیر اثنا عشری راوی چاہے ثقہ بھی ہو مگر اسکے مذہب کی تائید میں روایت قابل قبول نہیں۔

دوسری جہالت آپ نے یہ دکھائی کہ فدک مدنی دوَر میں رسول اللہ ﷺ کے قبضے میں آتا ہے جبکہ آپ مکی آیت پیش کر رہے ہیں۔ کیا رسول اللہ ﷺ ہجرت کے بعد دوبارہ مکہ میں رہائش پزیر ہوئے تھے؟

تیسری جہالت آپ نے علامہ شہرستانی کی کتاب الملل والنحل پیش کر کے دکھائی جس میں انہوں نے اہل تشیع اور اہل سنت اختلافات کا ذکر کیا ہے علامہ شہرستانی کے کہنے کا مقصد یہ تھا کہ فاطمہؓ نے باغ فدک کا دعویٰ کبھی میراث کے طور پر کیا تو کبھی ہبہ کے طور پر کیا لیکن ہبہ و میراث کے دعویٰ کو اس حدیث نے مسترد کر دیا کہ انبیا کا کوئی مال نہیں ہوتا وہ جو کچھ چھوڑ جائیں وہ صدقہ ہوتا ہے۔

یعنی آپ نے اپنی کم علمی کے باعث اپنے ہی دعویٰ کے خلاف روایت اٹھا کر بھیج دی۔

شیعہ مناظر اپنے دعویٰ کو ثابت کرنے میں بری طرح ناکام رہا کیونکہ ہبہ فدک پر تواتر نہ دکھا سکا۔ اہل تشیع مذہب میں زیادہ تر شاز روایات یا موضوع روایات ہی من پسند ہوتی ہیں جبکہ صحیح احادیث کو یہ لوگ ہاتھ تک نہیں لگاتے۔

اس پورے مناظرے کا خلاصہ یہی ہے کہ شیعہ مناظر نے صرف ٹائم پاس کیا ہے اور کچھ نہیں اہل سنت مناظر مولانا علی معاویہ صاحب نے بہت مدلل گفتگو کی اور دعوی ہبہ فدک کو من گھڑت بھی ثابت کیا۔

تبصرہ بر موضوع فدک

اہل السنت: مناظر علی معاویہ

شیعہ مناظر: بخش حسین

گفتگو تو سب کے سامنے ہے کہ شیعہ مناظر اپنے دعویٰ کے ثبوت میں بالکل ناکام رہا۔ اہل السنت مناظر نے شیعہ مناظر کی ہر بات کا رد دلائل سے کیا، جس کا جواب شیعہ مناظر اور اس کے پیچھے بیٹھی ان کی پوری ٹیم کے پاس نہیں تھا۔ میں یہاں پر شیعہ مناظر کی لاعلمیوں پر کچھ تبصرہ کرنا چاہتا ہوں جو پورے مناظرہ میں دیکھی گئیں۔

♣ شیعہ مناظر شروع دن سے اپنے آخری کمنٹس تک یہی کہتا رہا کہ عطیہ بدعت کی کونسی قسم میں ہے؟

جب کہ اہل السنت مناظر نے شیعہ رجال کی کتاب "معجم رجال الحدیث" سے اس کو اصحاب باقرؒ سے دکھایا، مطلب کہ عطیہ پکا شیعہ تھا، لیکن آخر تک شیعہ مناظر یہی سوال کرتا رہا۔

♣ شیعہ مناظر جب اہل السنت مناظر کے حوالاجات سے لاجواب ہوا تو بار بار یہ کہتا رہا کہ آپ کی کتب ہمارے لیے حجت نہیں۔

جب کہ اہل السنت مناظر اس کی وضاحت کر چکا تھا کہ یہ میں تمہارے الزام کا رد کرنے کے لیے پیش کر رہا ہوں کہ اہل السنت کے نزدیک فدک کا ہبہ کیا جانا ثابت نہیں، نہ کو تم کو منوانے کے لیے۔

♣ شیعہ مناظر تحفہ اثنا عشری کی ادھوری عبارت سے استدلال کرتے ہوئے یہ لکھا کہ؛ شاہ عبد العزیز نے تو اہل السنت کا ہی شیعہ لکھ دیا۔

جب کہ اہل السنت مناظر اسی تحفہ اثنا عشری سے ہی کل واضح کر چکا تھا کہ یہ اس دوَر سے پہلے کی بات ہے جب غالی، زیدی وغیرہ نے خود کو شیعہ کہنا شروع کر دیا تھا۔ لیکن شیعہ مناظر نے آخر میں بھی وہی بات کر دی جس کا جواب پہلے ہی دیا جا چکا تھا۔

♣ شیعہ مناظر نے اہل السنت مناظر پر یہ جھوٹا الزام لگایا کہ انہوں نے المحلی ابن حزم کے قول کے بارے میں یہ کہا کہ کسی اور کا قول دو۔

جب کہ اہل السنت مناظر نے تو الٹا شیعہ مناظر کو تواتر کے شرائط پیش کر کے یہ سوال کیا کہ ان شرائط کے مطابق تواتر ثابت کر کے دکھاؤ؟ لیکن شیعہ مناظر تواتر ثابت نہ کر سکا۔ اہل السنت مناظر نے تو یہ کہا تھا کہ ابن حزم کا قول اس وقت ہے جب کوئی دوسری روایت مخالف میں نہ ہو۔ لیکن شیعہ مناظر نے اس کو غلط رنگ میں بیان کیا۔

♣ شیعہ مناظر نے یہ دھوکا دینے کی کوشش کی کہ اہل السنت مناظر آت ذاالقربی.. والی آیت کو بعض مکی اور بعض مدنی کہہ رہے ہیں..۔

جب کہ اہل السنت مناظر نے یہ ثابت کیا تھا کہ اکثر اور جمہور کا قول یہی ہے کہ یہ پوری سورۃ مکی ہے۔ لیکن شیعہ مناظر نے اہل السنت مناظر کی بات ہی بدل کر دھوکا دینے کی کوشش کی۔

♣ شیعہ مناظر نے اہل السنت مناظر کے پیش کردہ لسان المیزان والے حوالے کو شروع سے آخر تک ہاتھ بھی نہیں لگایا کہ فدک والی روایت ابو العینا اور جاحظ نے گھڑی تھی۔

تو فیصلہ بالکل آسان ہے کہ شیعہ مناظر کلی طور پر اپنے دعویٰ کا ثابت کرنے میں ناکام رہا۔

فقط خاکپائے صحابہ واہلبیتؓ